# سیکھنے سکھانے کے
# حلقوں کا
# جدول

**01 اگست ، 2024**

# سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوْضُوعات پر مختصر بیان:5منٹ،(2): دُعایاد کرنا:5منٹ(3): فکرِ مدینہ:5منٹ۔ کُل دورانیہ:15منٹ

آج کے سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں **جلسہ اور قعدہ کی سنتیں** کے موضوع پر مفید ترین مَعْلُومات دی جائیں گی اور **ادائے قرض کی دُعا** یاد کروائی جائے گی۔ دعا یاد کروانے کے بعد نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم: جس نے مجھ پر 1 بار دُرُودِ پاک پڑھا اللہ پاک اس پر 10 رحمتیں بھیجتا ہے۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## جلسہ اور قعدہ کی سنتیں

### جلسہ اور قعدہ کی تَعْرِیف

❁ 2 سجدوں کے درمیان بیٹھنے کو **جلسہ** کہتے ہیں ❁ اَلتَّحِیَّات بیٹھنے کو **قعدہ** کہا جاتا ہے۔

### فرامینِ مصطفٰے صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

❁ **رسولِ ذیشان، مکی مدنی سلطان صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا:**

لَا تُقْعِ بَیْنَ السَّجْدَتَیْنِ

**ترجمہ:** 2 سجدوں کے درمیان اُکڑوں نہ بیٹھو![2]

**مختصر شرح:** سُرین زمین پر رکھنا، دونوں پنڈلیاں کھڑی کر لینا اور ہاتھ زمین سے لگا دینا، اسے اُکڑوں بیٹھنا کہتے ہیں، یہ نماز میں منع ہے، نمازی جب بھی بیٹھے دوزانو بیٹھے۔[3]

---

1 ... مسلم، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد التشھُّد، صفحہ:160، حدیث:408۔
2 ... سُنن ترمذی، ابواب الصلاۃ باب ماجاء فی کَرَاھِیَۃِ الِاقْعاء بینَ السَّجدتَین، صفحہ:88، حدیث:282۔
3 ... مرآۃ المناجیح، جلد:2، صفحہ:887۔

❁ رسولِ ذیشان، مکی مدنی سلطان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا:

لَاصَلَاۃَ اِلَّابِتَشَھُّدٍ

**ترجمہ:** تَشَھُّد کے بغیر نماز نہیں (ہوتی)۔[1]

## جلسہ اور قعدہ کی سنتیں

جلسہ اور قعدہ کی 11 سنتیں ہیں:

(1): سیدھا (**Right**) قدم کھڑا کر کے (2): الٹا (**Left**) قدم بچھا کر (3): اس پر بیٹھنا (4): سیدھے (**Right**) پاؤں کی انگلیاں قبلہ رُو رکھنا[2] (5): سیدھا (**Right**) ہاتھ سیدھی (**Right**) ران پر (6): اور الٹا (**Left**) ہاتھ الٹی (**Left**) ران پر رکھنا سُنّت ہے۔ (7): انگلیاں اپنی حالت پر (**Normal**) چھوڑنا کہ نہ کھلی ہوں، نہ ملی ہوں[3] (8): انگلیوں کے کنارے گھٹنوں کے پاس ہونا۔[4] (رانوں پر ہاتھ اس طرح رکھیئے! کہ دونوں ہاتھوں کی انگلیاں قبلہ رُخ ہوں[5] اور انگلیوں کے کنارے گھٹنوں کے پاس ہوں، نہ زیادہ پیچھے ہوں جیسے بعض لوگ رانوں کے درمیان میں رکھ لیتے ہیں[6] اور نہ ہی گھٹنوں کو پکڑیئے!)۔[7] (1): شہادت پر اشارہ کرنا بھی سُنّت ہے۔[8]

**اِشارہ کرنے کا طریقہ:** ❁ چھنگلیا اور پاس والی اُنگلی بند کر لیجئے! ❁ انگوٹھے اور بیچ والی انگلیوں کا حلقہ باندھیئے! ❁ لَا پر کلمے والی انگلی اُٹھایئے (یعنی سیدھی کھڑی کیجئے! اِدھر اُدھر مت ہلایئے!) ❁ اِلَّا پر انگلی

---

1 ... شرح معانی الآثار، کتاب الصلاۃ، باب السّلام فی التشھُّد ھل ھو من فروضھا ... الخ، جلد:1، صفحہ:357، حدیث:1603۔
2 ... الھدایۃ شرح بدایۃ المبتدی، کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصّلاۃ، جلد:1 صفحہ:55۔
3 ... بہارِ شریعت، جلد:1، صفحہ:530، حصہ:3۔
4 ... الطحطاوی علی الدرّ المختار، کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، جلد:2، صفحہ:157۔
5 ... بہارِ شریعت، جلد:1، صفحہ:505، حصہ:3۔
6 ... طحطاوی علی در مختار، کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، جلد:2، صفحہ:157، ملخصًا، دار الکتب علمیہ۔
7 ... بہارِ شریعت، جلد:1، صفحہ:530، حصہ:3۔
8 ... در المختار علی الرد المحتار، کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، مطلب فی اطالۃ الرکوع، جلد:2 صفحہ:266۔

نیچے کر لیجئے! ❁ اب سب انگلیاں پہلے کی طرح سیدھی کر لیجئے![1] حدیث پاک میں ہے: پیارے آقا مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم جب دعا کرتے (تَشَہُّد میں کلمہ شہادت پر پہنچتے) تو انگلی سے اشارہ کرتے اور انگلی کو حرکت نہ دیتے۔[2]

قعدہ اخیرہ میں مزید 2 کام سُنّت ہیں:

(10):تَشَہُّد کے بعد دُرود شریف پڑھنا(دُرودِ ابراہیمی پڑھنا افضل ہے)[3] (11):دُرود شریف کے بعد (عربی میں) دُعا پڑھنا بھی سُنّت ہے۔[4] رَبِّ اجْعَلْنِیْ والی دُعا پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔

**نوٹ:** نماز کے مُتَعَلِّق تفصیلی احکام سیکھنے کے لئے شیخِ طریقت امیرِ اہلسنت مولانا الیاس عطار قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ العَالِیَہ کا رسالہ ❁.. **نماز کا طریقہ** (حنفی) اور مکتبۃ المدینہ کی کتاب ❁.. **بہار شریعت**، حصہ:3 پڑھیے!

## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

### ادائے قرض کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ

وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

**ترجمہ:** اے اللہ پاک! مجھے حلال رزق عطا فرما کر حرام سے بچا اور اپنے فضل و کرم سے اپنے سوا غیروں سے بے نیاز کر دے۔[5]

---

1... در المختار علی الرد المحتار، کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، مطلب فی اطالۃ الرکوع، جلد:2 صفحہ:266۔

2... ابو داود، کتاب الصلاۃ، باب الاشارۃ فی التشھُّد، صفحہ:165، حدیث:989۔

3... بہار شریعت، جلد:1، صفحہ:531۔

4... در المختار علی الرد المحتار، کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، مطلب فی اطالۃ الرکوع، جلد:2 صفحہ:283۔

5... مستدرک، کتاب الدعاء...الخ، باب دعاء قضاء الدین، جلد:2، صفحہ:230، حدیث:2016، مدنی پنج سورۃ، صفحہ:207۔

# اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

## یومیہ 56 نیک اعمال:

(1):اچھی اچھی نیتیں کیں؟(2):پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟(3):ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4):رات میں سُورَۃُالْمُلک پڑھ یاسن لی؟(5):ہر نماز کے بعد آیۃُالکرسی، تسبیحِ فاطمہ،سُورَۃُالْاِخلاص پڑھی؟(6):کنزُالاِیمان سے 3 آیات یاصِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یاسن لئے؟(7): شجرے کے اوراد پڑھے؟(8):313بار دُرُود شریف پڑھے؟(9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟(10):کانوں کو گناہوں سے بچایا؟(11):فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟(12):12منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟(13):اذان واقامت کا جواب دیا؟ (14):غصے کا علاج کیا؟(15):اپنا جائزہ کیا؟(16):اپنے نگران کی اطاعت کی؟(17):آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18):مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یاپڑھایا؟(19):عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟(20):2گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟(21):فجر کے لئے جگایا؟(22):دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟(23):گھر درس ہوا؟ (24):مسجد درس دیا یاسُنا؟(25):سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟(26):زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟(27):ایک مشت داڑھی ہے؟(28):گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟(29):سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟(30):مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31):کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟(32):ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟(33):تَہجُّد یاصلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34):اَوّابِین یااِشْراق وچاشت پڑھیں؟(35):عصر یاعشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟(36):12دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟(37):دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟(38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44):مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللّٰہ پڑھی؟(47):چوک درس دیا یاسنا؟(48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟(49):اِسْرَاف سے بچے؟ (50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51): تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟(53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁لکھ کر گفتگو12 مرتبہ ❁اشارے سے گفتگو12 مرتبہ ❁نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار9نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یاسنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعْتِکَاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟